المسلک المنصور

فی رد

الکتاب المسطور

تالیف

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر

ناشر

مکتبہ صفدریہ زرگر گوجرانوالہ

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتٌ (القرآن)

"الأنبياء أحياء في قبورهم يصلون" (الحديث)

دی اُس نے جان عیسیٰ میں توحید کے لیے مُردوں کو تُو نے زندۂ جاوید کر دیا!

الملک المنصور

فی رد

الکتاب المسطور

تمہید الصدور میں نسبت میلاد کے تمام دلائل عقلیہ و نقلیہ کو صریح اور مضبوط دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ آلانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون اور حیات دراس دنیا میں بسنے والوں کے ادراک و شعور اور حس سے بالاتر اور ولکن لا تشعرون میں داخل مگر ہے اُن جملہ امور کے (بسطار دلائل علیہ) کے تعلق سے جو دنیا میں حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو حاصل تھے اور اسی حیات کے آثار میں سے ہے کہ عند القبر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلوٰۃ و سلام سننے اور اُس کا جواب دیتے ہیں لیکن جناب نجدی صاحب یہ کہتے ہیں کہ قبر میں حیات الانبیاء کا عقیدہ متزلزل جیسے بعض مناظروں، روافض، قادیانیوں، بہائیوں اور بریلویوں کا ہے (نعوذ باللہ تعالیٰ) اس پیش نظر کتاب میں ان کے باطل نظریہ کو بحوالہ نقل کر کے اس کا علمی و تحقیقی تجزیہ کیا گیا ہے قارئین کرام خود فیصلہ کریں۔ وَاللّٰہُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَھُوَ یَھْدِی السَّبِیْلَ ۝

ابو الزاہد محمد سرفراز غفرلہ خطیب جامع مسجد گکھڑ، ومدرس مدرسۃ العلوم گوجرانوالہ

جملہ حقوق بحق مکتبہ صفدریہ گوجرانوالہ محفوظ ہیں

طبع چہارم
ستمبر ۲۰۰۲ء
نام کتاب ——— المسلک المنصور
مؤلف ——— شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہم
تعداد ——— ایک ہزار
مطبع ——— مکی مدنی پرنٹرز لاہور
ناشر ——— مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
قیمت ——— ۲۴ روپے

ملنے کے پتے

☆ مکتبہ علمیہ جامعہ انوریہ سائٹ کراچی نمبر ۱۹
☆ مکتبہ قاسمیہ جمشید روڈ، نوری ٹاؤن کراچی
☆ مکتبہ حقانیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
☆ مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
☆ مکتبہ مجیدیہ بوہڑ گیٹ ملتان
☆ مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور
☆ دار الکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ رشیدیہ حسن مارکیٹ غزنی سٹریٹ
☆ مکتبہ العارفی جامعہ امدادیہ فیصل آباد
☆ مکتبہ امدادیہ حسینیہ چنڈی روڈ چکوال
☆ مکتبہ نعمانیہ کبیر مارکیٹ لکی مروت
☆ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ
☆ مکتبہ فریدیہ ای سیون اسلام آباد
☆ مکتبہ رحمانیہ محلہ جنگی پشاور
☆ مکتبہ حنفیہ فاروقیہ اردو بازار گوجرانوالہ
☆ کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
☆ کتاب گھر شاہی مارکیٹ گلگت

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
عرض حال	۹
باب اوّل	۱۱
کتاب شفاء الصدور بریلویہ کے دین میں لکھی گئی تھی	۱۱
الجواب۔ یہ بالکل غلط ہے	۱۲
یہ کتاب اہل السنۃ والجماعۃ حضرات فقہاء کرام اور اکابر علماء دیوبند کے خلاف لکھی گئی ہے	۱۲
اس میں ہم امت کے سماع و عدم سماع کے اختلافی مسئلہ کی جو تفصیل پُرزور تردید کی گئی ہے	۱۲
آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عند القبر صلوٰۃ وسلام کے سماع کا انکار کیا گیا ہے	۱۳
حالانکہ یہ مسئلہ اتفاقی اور اجماعی ہے	۱۴
فتاویٰ رشیدیہ امداد الفتاویٰ	۱۵
ماہنامہ تعلیم القرآن	۱۵
جناب نیلوی صاحب کہتے ہیں کہ سماع موتیٰ کا مسئلہ خود ساختہ ہے	۱۵
حالانکہ سماع موتیٰ کا مسئلہ احادیث کثیرہ صحیحہ سے ثابت ہے۔ فتح الملہم	۱۵
اور سماع الموتیٰ کی احادیث متواتر ہیں۔ فیض الباری	۱۵
مطلقاً احادیث کا انکار تو منکرین حدیث بھی نہیں کر سکے	۱۶
تواتر کا انکار کلی سنت سے دوری ہے	۱۶
مستفیض اور متواتر کا معنی حضرت شاہ ولی اللہؒ سے	۱۶
توجیہ النظر، فیصلہ، مقدمہ بہاولپور، فتح الملہم سے متواتر کی قسمیں اور اس کا حکم	۱۷
جناب نیلوی صاحب نے استشفاء عند القبر کے مسئلہ میں الفقہاء مسئلہ کو شرک قرار دیا ہے	۱۸
اہم بحثیں، میوطی، زرقانی، قسطلانی، محب الدین طبری	۱۸
نووی، قاضی عیاض، ملا علی قاری، ابن الہمام،	۱۸
شامی، بیہقی، بحر العلوم، عبد الحق اشبیلی	۱۸
حافظ ابن القیم، حافظ ابن کثیر اور حافظ نذری کے نام لے کر ان کی تردید کی ہے کیا یہ سب بریلوی ہیں؟	۱۹

حیرت وافسوس	۲
اہل حق کو مشرک، مبتدع، محمد علماء سوء اور شریر کہنا کہاں کا انصاف ہے	۲
بقول جناب نیلوی صاحب حیات الانبیاء اور سماع واستشفاع شریر لوگوں کے گھڑے ہوئے مسائل ہیں	۲
یہ صحاح ستہ میں کیوں نہیں؟	۲
جناب نیلوی صاحب نے صحاح ستہ کی حدیثیں	۲
کب تسلیم کی ہیں؟ چند حوالے	۲
بقول نیلوی صاحب استشفاع عند القبر کا مسئلہ معتبر کتب ہائیوں کا لکھا ہوا ہے	۳
ان بعض کتابوں کے حوالے جن میں یہ مسئلہ ہے	۳
بقول جناب نیلوی صاحب ان کتابوں میں یہ مسئلہ آنیوالی نسلوں کو گمراہ کرنے کیلئے لکھا گیا ہے	۲۲
المہند علی المفند۔ اور حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی تصدیق کا دلچسپ جواب	۲۳
امام سیوطی اور زرقانی امامل ہیں اور مولانا امتیاز محمد انور شاہ صاحب اور مولانا عثمانی تو تکبیر کے فیض میں	۲
کتاب شفاء الصدور میں اصل رد وہابیوں کا ہے	۲۳
بریلویوں کا رد صرف بطور ہم اور ضمنی ہے	۲۴
انتہائی تعصب	۲۵
کہ تمام فقہاء کرام حنفی کا اور نسیان کا شکار ہیں	″
تذلیل	۲۶
اہل بدعت یعنی بریلوی بھی سماع موتی کے قائل ہیں لہٰذا ان کا بھی رد ہو جائے گا	۲۶
سماع موتی کے بارے جناب نیلوی صاحب اور جناب احمد رضا خان صاحب کا نظریہ ایک ہی ہے	۲۶
حیرت	۲۷
اہل حق کو محدد اور مبتدع قرار دینے کیلئے دلائل	″
مِنْ دُوْنِہٖ اور مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کے الفاظ پر	″
مشرکین کی آیات سے ہم سماع موتی پر استدلال	″
مگر ان سے استدلال محض کشیدہ قامت سینہ زوری ہے	۲۸
اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی اور مَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ سے استدلال	۲۹
ان سے حضرت عائشہ صدیقہؓ نے استدلال کیا ہے مگر جمہور حضرات صحابہ کرامؓ نے	۲۹
اس سے اختلاف کیا ہے	۲۹
فتح الباری کا حوالہ	۲۹

عمدۃ الرعایہ کا حوالہ	۲۹
ان آیات میں عدم سماع کا اشارہ تک بھی نہیں۔ تفسیر حقانی	۳۰
ان آیات سے یہ مسئلہ ثابت نہیں ہوتا	۳۰
معارف القرآن	″
موتی سے جاہل مراد ہیں امام راغبؒ	۳۱
کسی صریح وصحیح حدیث میں سماع موتی کی نفی نہیں	″
سماع موتی کے مسئلہ پر سلف کا اجماع ہے اور اس باب میں متواتر احادیث موجود ہیں	″
تفسیر ابن کثیر وکتاب الروح	″
اور عدم سماع موتی کے بارے میں صریح حدیث نہ ہونے کا جناب نیلوی صاحب کو بھی اقرار ہے	۳۲
کتاب فتح میں باب بیان کے ایک جزئیہ سے عدم سماع موتی پر استدلال درست نہیں	۳۳
ورنہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ زندہ مشرک بھی نہیں سنتے	″
قرآن کریم سے استدلال	″
اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰی آیت سے عدم سماع پر استدلال	۳۴
اس کا ترجمہ فوائد عثمانیہ سے	″
تفسیر جلالین کا حوالہ	۳۴
کمالین کا حوالہ	۳۵
اصل عربیت کے لحاظ سے مشبہ اور مشبہ بہ میں جو تشبیہ صرف ایک ہی ہوتی ہے	″
اور وہ عدم الانتفاع ہے	″
جلالین کا حوالہ	۳۶
کیا حیات الانبیاء کا عقیدہ باطل فرقوں کا ہے؟	″
تفسیر بحر المحیط کا حوالہ	۳۷
باب دوم	۳۸
جناب نیلوی صاحب کہتے ہیں کہ حیات الانبیاء کا عقیدہ منافقوں، رافضیوں، معتزلہ، جہمیہ	۳۸
معطلہ، برہمنیوں، قادیانیوں اور ہندوؤں کا ہے	۳۹
اہل حق آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے منکر نہیں ہیں۔	۴۰
وفات کے بعد قبر میں حیات اہل السنت والجماعت کا عقیدہ ہے۔ کفایت المفتی	۴۰
المسند کا حوالہ	″
نزاع صرف لفظی ہے	۴۱
حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحبؒ کا	۴۲
راقم کو مباہلہ اور مناظرہ کا چیلنج	۴۳

اور راقم کی طرف سے اس کا مفصل جواب	۴۹	حاشیہ ترمذی کا حوالہ	۶۱
جناب قاضی صاحب کا رجوع	۵۱	تفسیر مظہری کا حوالہ	۶۱
حیات کے معنی!	۵۲	اور اس کا جواب	۶۲
حیات برزخیہ کا انکار قطعیات کا انکار ہے	"	اولاً یہ کہ شہید کا جسم عنصری قتل کیا جاتا ہے	۶۲
اور حیات عنصریہ پر قرآن وحدیث اور کسی	"	(ذکر روح) اور زندہ بھی وہی ہوتا ہے	
فقیہ وامام اور صحابی سے کوئی دلیل ثابت نہیں	"	وثانیاً عدم شعور اجسام عنصریہ کا نہیں بلکہ	۶۲
حیات کے معنی کے علاوہ گیارہ معانی اور جواب	"	زندوں کا شہداء کے بارے میں ہے	
مفردات راغب اور تفسیر مظہری کا حوالہ	"	وثالثاً جناب نیلوی صاحب نے معنی غلط کیا ہے	۶۳
الجواب	۵۳	ورابعاً جناب قاضی ثناء اللہ صاحب حیات	"
حیات عنصریہ کا ثبوت قرآن کریم سے ہے	"	معانی کے قائل ہیں (تفسیر مظہری)	
اس پر قرآن کریم کی دو آیتیں	"	وخامساً وہ روح کے جسد عنصری کے	۶۴
حدیث شریف	۵۴	ساتھ تعلق سے حیات کے قائل ہیں (تفسیر مظہری)	
تکمیل الخطاب اور التعلیق الصبیح کا حوالہ	۵۵	وسادساً اشتباہ ومغالطہ	۶۶
جناب نیلوی صاحب سے جواب طلب قبر کے بارے تجسم مثالی کے ثبوت کا مطالبہ	۵۵	چند زندہ اور مردوں کی حیات کے احساس نہیں کرتے لہٰذا وہ مردے ہیں۔	۶۶
اجسام دنیویہ پر طائفہ قاسمی کا حوالہ	۵۶	تفسیر مظہری	"
ذیل الاوطار کا حوالہ	۵۷	بقول جناب نیلوی صاحب جو شہداء حضرات	
تفسیر فتح القدیر کا حوالہ	۵۹	انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو	۶۷
اہم (غلط) کے حوالہ کی تشریح	"	غسل اور کفن دیا جاتا ہے لہٰذا وہ زندہ نہیں	
مرشد اگر غسل وکفن نہیں دیا جاتا وہ زندہ ہیں	۶۷	اطلاق کرنے والے بھی اہل السنت والجماعت ہیں	۷۲
اس کا جواب	۶۷	اکابرین علمائے احناف عقیدۃ التوحید والسنۃ	"
اولاً اس کا کیا معقول ثبوت ہے کہ تمام انبیاء کرام	۶۷	ماہنامہ تعلیم القرآن کا حوالہ	۷۳
علیہم الصلوٰۃ والسلام کو کپڑوں سمیت غسل دیا گیا؟		قبر کی زندگی حق ہے	۷۴
وثانیاً جو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام	۶۷	الفقہ الاکبر	"
شہید ہوئے ان کو زندہ تسلیم کریں		حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ	"
وثالثاً صرف اس شہید کو غسل وکفن نہیں دیا جاتا	۶۸	والسلام قبور میں زندہ ہیں	"
جو معرکہ میں بلا فائدہ اٹھائے شہید ہو جائے		الکتاب المسطور۔ فتاویٰ دار العلوم دیوبند	"
ہدایہ، شرح وقایہ اور مرقاۃ، اکمل کا حوالہ	"	کفایت المفتی	۷۵
حضرت عمر شہید تھے مگر غسل اور کفن دیا	۶۸	خود اپنی تردید	"
گیا۔ (مرقاۃ، اکمل)		کہ میت (جسم عنصری) کو عذاب ثواب	۷۵
شہداء اور بھی ہیں اس پر مستند حوالے	"	کا ادراک وشعور ہوتا ہے۔ الکتاب المسطور	
مگر ان سب کو غسل وکفن دیا جاتا ہے	۶۹	امام جمہور کے نزدیک بدادراک وشعور	۷۶
نزاع متفق	۷۱	اعادۂ روح کی دو سے ہوتا ہے	
کہ قبر میں بدن مثالی صرف روح کو ہے	"	اس پر مستند حوالے	"
ہر خود جناب نیلوی صاحب سے اس کا رد	"	عجب الذنب لم یفن منہ شیء تو جسد	۷۸
عجیب شوشہ	"	عنصری کا حصہ ہے	
کہ شہداء زندہ ہیں مگر انبیاء کرام زندہ نہیں	۷۲	سلامت اجساد انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام	"
حیات برزخی کو مان کر اس پر حیات دنیویہ کا	"	امت مسلمہ میں مسلم ہے (نیلوی)	"

حفاظ فقہ کے اجسام بھی محفوظ رہتے ہیں	۷۸	الجواب	۸۴
جب ان کے اجساد سلامت ہیں تو نبی کا	″	نیلوی صاحب کا معصوم انہ نذر	″
طیبات کے ان کے ساتھ تعلق سے کیا چیز مانع ہے	″	قرآن کریم، احادیث متواترہ، حضرت فقہاء	
فتوی مفتی اعظم ہند نظام عظیم	۷۹		
	″	متکلمین کو چھوڑ کر قبر کے ثواب و عتاب کے لیے	۸۴
کفایت المفتی سے	″	غیر متعلق اور غیر معصوم اقوال سے اجساد	
الجواب اس کی تشریح کفایت المفتی سے	″	مثالیہ کا اثبات کرتے ہیں	
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عند القبر صلوۃ و سلام	۸۰	حالانکہ یہ اجساد مثالیہ قبر سے باہر کیسے انکی	۹۵
سنتے اور جواب دیتے ہیں		سورہاں میں ذکر تدبیر ابدان کے لیے	″
قبر مبارک میں آپ کی زندگی اہل السنت	۸۰	اور خود جناب نیلوی صاحب فی جذب	″
والجماعت کا مذہب ہے		کا معنی علی جذب نقل کرتے ہیں	″
ہر شخص آپ کی روح طیبہ کا جسم مبارک	۸۱	جناب نیلوی صاحب کی بوکھلاہٹ	۸۶
سے تعلق نہیں مانتا وہ تین کا مرتکب ہے		تسکین الصدور اور سماع الموتی وغیرہ	
مطالبہ	۸۲	میں تعارض و تضاد کا دعوی	۸۶
حضرت فقہاء کرام اور اکابر علماء سے		اور بعض راویوں کے بارے بعض جرحی	
صراحۃً بالحوالہ ثابت کریں کہ آنحضرت		کلمات ترک کر کے الزام اور محمد بن اسحاق	۸۶
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح مبارک کا	۸۲	اور قتادہ کی روایت کے بارے تنقید	
جسد اطہر سے قبر شریف میں کوئی تعلق		جناب نیلوی صاحب کا مفروض تعارض کا جواب	۸۷
نہیں اور آپ عند القبر صلوۃ و سلام نہیں سنتے		اس سلسلہ میں حضرت مولانا مفتی محمد نعیم اللہ	۹۰
اجساد مثالیہ کا ثبوت	۸۴	صاحب کے سوالات	
عمدۃ القاری، فتح الملہم، روح المعانی	″	اور راقم اثیم کے مختصر اجوبات	۹۱

عرض حال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

راقم اثیم نے ۱۳۸۶ھ میں اکابر علماء دیوبند کے حکم اور ان کے قیمتی علمی مشوروں سے کتاب تسکین الصدور تالیف کی تھی بحمد اللہ تعالیٰ اس کو پاک و ہند کے جید اور مشہور علماء کرام نے بہت ہی پسند فرمایا اور مزید اپنی علمی تصدیقات و تقریظات سے اسے مزین کیا جس سے اہل علم میں بہت سے شکوک و شبہات دور ہو گئے اور اہل السنت والجماعت کا حق اور صحیح مسلک مدلل و مبرہن ہو گیا لیکن محترم جناب نیلوی صاحب نے تعصب، عناد اور ہٹ دھرمی کے تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو کر مسلک حق کو باطل ناحق طور پر روندنے اور کچلنے کے لیے پہلے تو ندائے حق میں اور اب الکتاب المسطور میں نارواسعی کی ہے اہل علم ان کی اس بے جا روش اور مغالطہ آفرینی سے کبھی بھی دھوکہ نہیں کھاتے اور نہ کھا سکتے ہیں کیونکہ عقل و خرد کی دولت رب تعالیٰ نے اس لیے دی ہے کہ صحیح و سقیم کی پرکھ کی جائے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے علماء سے دنیا خالی نہیں ہے لیکن دنیا میں کچھ لوگ ضدی، ہٹ دھرمی، متعصب بھی ہوتے ہیں ایسے لوگوں کو تو خدا تعالیٰ کے معصوم پیغمبر بھی نہیں منوا سکے ہاں مگر حضرات

انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے دلائل و براہین کے لحاظ سے اتمام حجت کر دی گئی ہے ہم نے بھی محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اتمام حجت کے طور پر الکتاب المستطاب میں درج شدہ زیادتیوں، خامیوں اور چیرہ دستیوں پر سرسری اور طائرانہ نگاہ ڈالتے ہوئے عوام الناس کو آگاہ کیا ہے اور حق و منصور مسلک کے دفاع کا فرض کفایہ ادا کرنے کی حتی المقدور سعی کی ہے قارئین کرام سے گذارش ہے کہ وہ جناب نیلوی صاحب اور راقم اثیم کی باتوں کا تقابل کر کے صحیح بات کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کریں اگر علمی طور پر اس کتاب میں کوئی بات غلط نظر آئے تو بلا جھجک راقم اثیم کو اطلاع دیں انشاء اللہ العزیز سمجھ آنے پر غلط بات کی تصحیح میں تامل نہیں کیا جائے گا۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى رَسُوْلِهٖ خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اٰمِيْن

ابوالزاہد محمد سرفراز

۱۲ رجب ۱۴۰۶ھ
۲۲ مارچ ۱۹۸۶ء

باب اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ قَالَ فِيْ حَقِّ الشُّهَدَاءِ بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنْ قَالَ الْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ۔ وَعَلٰى مَنْ تَبِعَهٗ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

جناب نیلوی صاحب لکھتے ہیں۔ امابعد بندہ بچیدان خادم علوم قرآن محمد حسین النیلوی غفر اللہ لہ و والدیہ و اساتذتہ عارض ہے کہ ۱۵ سال کا عرصہ ہو چکا ہے کہ بریلویہ عقیدہ کی تردید میں شفاء الصدور لکھی تھی پھر اثیمہ سے بالکل برعکس بریلوی چپ سادھ گئے مگر دیوبند دارالعلوم کے فارغ جیل ازیں رد بریلویت میں تسلی بخش کام کرتے رہے ہیں یعنی حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب شفاء الصدور کی تردید میں تسکین الصدور لکھی پھر ندائے حق میں حق واضح کیا گیا چاہیے تھا کہ ان ایک ہونے کی وجہ سے خاموش ہو جاتے مگر سماح الموفی اور طبع جدید تسکین الصدور کر بریلویت کے خشک درخت کو پانی دے دیا جس سے وہ ہرا ہو کر خوب برگ و بار لے گیا ہے بلفظہ (الکتاب المستطاب ص۱۲) اس عبارت سے صاف عیاں ہو گیا کہ جناب نیلوی صاحب المنول نے شفاء الصدور اور ندائے حق میں بریلویت کی تردید ہے اور ندائے حق طبع اول ۱۵ھ میں لکھتے ہیں کہ۔ ہم نے شفاء الصدور محض بریلویہ کے رد میں لکھی تھی معتمدین علماء حق کی عبارات درج کر کے خود بریلویہ کے علماء کی عبارات بھی

درج کر دی تھیں تاکہ اُن پر حجت قائم ہو جائے اور سمجھیں کہ جب قبر عُرنی میں دھڑ پڑے نہیں سُنتے تو ہم قبور پر اگر پکار کر کیا کریں گے ۔ ھ

الجواب : جناب نیلوی صاحب کی یہ عبارات حرف ہاتھی کے دانت ہیں کھانے کے اور ہیں اور دکھانے کے اور ان سے انہوں نے محض سادہ لوح اور حقیقت ناشناس عوام کو خالص اندھیرے میں رکھنے کی بالکل ناروا اور ناکام سعی کی ہے جس کا اصل حقیقت سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہے ۔

اوّلاً تو اس لیے کہ جناب نیلوی صاحب نے بریلویوں کے کسی خاص مسئلہ کی تردید کا کوئی عنوان ہی قائم نہیں کیا اور نہ اس پر کوئی باب ہی باندھا ہے کتاب کا نام ہی شفاء الصدور فی تحقیق عدم سماع من فی القبور ہے دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا سماع موتیٰ کے قائل صرف بریلوی ہی ہیں یا اُمت کی اکثریت بھی سماع موتیٰ کی قائل ہے ؟ حضرات موالک ، شوافع اور حنابلہ تقریباً بھی ہی سماع موتیٰ کے قائل ہیں اور حضرت احناف کا بھی معتد بہ طبقہ سماع موتیٰ کا قائل ہے اور حضرات اکابر دیوبند کثر اللہ تعالیٰ جماعتہم میں بھی اکثریت سماع موتیٰ کی قائل ہے جنکے حوالے سماع الموتیٰ میں مذکور ہیں کیا جناب نیلوی صاحب کے نزدیک یہ سب بریلوی ہیں جنکی تردید کا بیڑا انہوں نے اُٹھایا ہے اور جن کے واضح اور منصور مسلک کے رد کا فرض منصبی وہ اپنے ذمے لیے ہوئے اور اس کے لیے پیچ و تاب کھاتے ہوئے ہیں ممکن ہے کہ وہ یہ کہدیں ؎

قصور سے کسی کے میں نے کی ہے گفتگو جس سے ۔۔۔ رہی ہے ایک تصویر خیالی اور بر بس

وثانیاً اس لیے کہ انہوں نے بزعم خویش الباب الاوّل میں قرآن کریم کی آیات کریمات سے اور ان کی تفاسیر میں حضرات مفسرین کرامؒ سے عدم سماع موتیٰ ثابت کیا ہے ، مگر اسمیں

بری طرح ناکام رہے ہیں کیونکہ ان میں جس سماع کی نفی ہے وہ سماع نافع ہے نہ کہ مطلق سماع کیونکہ مشبّہ (زندہ کافر) اور مشبّہ بہ (مردوں) میں وجہ تشبیہ ایک ہی ہوتی ہے اور وہ سماع نافع ہے نہ کہ مطلق سماع اور نہ یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ زندہ کافر بھی نہیں سُنتے مزید تفصیل الشہاب المبین میں ملاحظہ فرمائیں اور الباب الثانی میں احادیث و آثار نقل کر کے اُن سے سماع موتیٰ کی نفی کی ہے مگر یہاں بھی انہوں نے وہی غلطی کی ہے جو آیات و تفاسیر کے سمجھنے میں کی ہے ۔ اور الباب الثالث میں انہوں نے اپنی فہم ناقص سے حضرات صحابہ کرامؓ کے اقوال اور ان کے اجماع سکوتی سے عدم سماع کا اثبات کر کے سابق کی طرح ٹھوکر کھائی ہے اور الباب الرابع میں انہوں نے قائلین سماع موتیٰ کے دلائل کے جوابات دینے کی لاحاصل سعی کی ہے اور الباب الخامس کا عنوان ہی یہ ہے ملحدین و مبتدعین سماع موتیٰ الخ (ملاحظہ ہو طبع اوّل)

الغرض جناب نیلوی صاحب نے کتاب شفاء الصدور میں اول سے لے کر آخر تک اہل حق ہی کی تردید کی ہے نہ کہ بریلویوں کی جناب نیلوی صاحب نے عام اموات کے سماع کی نفی سے آگے بڑھکر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس صلوٰۃ و سلام وغیرہ کے سماع کی بھی صاف نفی اور صریح انکار کیا ہے ۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں اور جو لوگ عند قبری ، عند قبری کا وظیفہ پڑھتے سنتے ہیں وہ بھی سُن لیں کہ تین بندوں (اللہ) کی قبر شریف محفوظ ہے جہاں سوا کا بھی گذر نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ آواز جا سکے وہ صورت بھی مفقود ہے ملخصاً (شفاء الصدور ص ۱۰۶ طبع اوّل)

جناب نیلوی صاحب نے سائنس کے اس ترقی یافتہ دور میں جس میں سات سمندر پار کی خبریں آج لوگ اپنے بند کمروں میں بیٹھ کر بخوبی سُنتے ہیں صحیح حدیث اور تعامل امت سے ثابت شدہ اجماعی و اتفاقی مسئلہ (سماع صلوٰۃ و سلام وغیرہ عند القبر) کو اپنے فاسد قیاس سے رد کیا ہے جو بلا نص کے (جو یہاں صحیح حدیث ہے) ہوتے ہوئے قیاس اور عقلی دھکوسلوں کا کیا کام ہے

اور انہیں کون مانتا ہے؟ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب گنگوہی فرماتے ہیں کہ مگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں اور (فتاویٰ بشیریہ ص۱۰۰ طبع جید برقی پریس دہلی) اور حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی کو بھی یہ بات مسلّم ہے کیونکہ روضۂ مبارک پر جو درود شریف پڑھا جاتا ہے وہ بالاتفاق بلاواسطہ حضور پر پیش ہوتا ہے اور آپ اس کو سنتے اور جواب دیتے ہیں (امداد الفتاویٰ ص۱۱۰/۵) اور اس مسئلہ پر اس اتفاق و اجماع کا اقرار جمہور اہلسنۃ والجماعۃ کے بزرگوں کو بھی ہے چنانچہ۔

ماہنامہ تعلیم القرآن میں تصریح موجود ہے کہ باقی رہا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس صلوٰۃ وسلام کے سماع کا مسئلہ تو اس میں فریقین کے درمیان قطعاً کوئی اختلاف نہ تھا جیسا کہ آج سے تقریباً تین سال پہلے ماہنامہ تعلیم القرآن شمارہ ماہ ستمبر ۱۹۵۶ء اور پھر اس کے بعد شمارہ ماہ دسمبر ۱۹۶۲ء میں دوسرے فریق یعنی جمعیۃ اشاعۃ التوحید والسنۃ کے اس بارے مسلک کی صراحت موجود ہے۔ البتہ اس فریق کے بعض حضرات جن میں سے حضرت مولانا سید عنایت شاہ صاحب بخاری خصوصیت سے قابل ذکر ہیں عند القبر سماع صلوٰۃ وسلام کے دوام اور عمومیت کے قائل نہیں ہیں الا فرق العبارۃ الخ بلفظہ۔

(ماہنامہ تعلیم القرآن بابت ماہ اگست ۱۹۶۳ء ص۱۸، ۱۹)

اس سے بالکل عیاں ہو گیا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عند القبر صلوٰۃ وسلام کے سماع میں بجز جناب سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری گجراتی کے اور کسی کا اختلاف نہیں اور امت مسلمہ میں یہی پہلے بزرگ ہیں جو اپنے اس سینہ زوری اور زور بیان سے سماع الصلوٰۃ والسلام عند القبر کے منکر ہیں محترم جناب نیلوی صاحب کا یہ اخلاقی اور علمی فریضہ تھا کہ وہ عام سماع موتیٰ سے انکار کرتے وقت اس مسئلہ کو الگ کر دیتے کیونکہ یہ امت کا

اجماعی و اتفاقی مسئلہ ہے مگر انہوں نے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام وغیرہم سب کے عند القبور سماع کا قطعاً اور کلیتہً انکار کر دیا ہے بلکہ یہاں تک لکھ دیا کہ

ان مسئلۃ سماع الموتیٰ واجابتہم ومعرفتہم مختلق للعلماء (شمار السدور ص۱۵ طبع اوّل)

بلاشبہ سماع موتیٰ اور ان کے جواب دینے اور ان کی معرفت کا مسئلہ محدثین کا گھڑا ہوا ہے

الدرجۃ السابعۃ کے عنوان میں بہت سے محدثین و متبحرین قائلین سماع موتیٰ (ص۱۰۷)

الجی بالحوالہ بیان ہو چکا ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا عند القبور سماع اتفاقی و اجماعی مسئلہ ہے اور عام اموات کے سماع کا مسئلہ اختلافی ہے حضرات صحابہ کرامؓ سے تاہنوز اس میں اختلاف چلا آرہا ہے مگر امت کی اکثریت سماع کی قائل ہے اور اس پر احادیث صحیحہ کثیرہ دال ہیں چنانچہ شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد صاحب عثمانیؒ (المتوفی ۱۳۶۹ھ) لکھتے ہیں کہ

ان سماع الموتیٰ ثابت فی الجملۃ باحادیث الکثیرۃ الصحیحۃ اھ (فتح الملہم ج۲ ص۲۶۹)

بے شک فی الجملہ سماع موتیٰ احادیث کثیرہ صحیحہ سے ثابت ہے۔

اور حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ (المتوفی ۱۳۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ

اقول والاحادیث فی سماع الاموات قد بلغت مبلغ التواتر وفی حدیث صححہ ابو عمرؒ ان احدا اذا سلم علی المیت فانہ یرد علیہ ویعرفہ ان کان یعرفہ فی الدنیا (بالمعنیٰ اھ (فیض الباری ص۲۶۴/۱)

میں کہتا ہوں کہ سماع الموتیٰ کے بارے میں احادیث بلاشبہ درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اور ایک حدیث میں ہے جس کی ابو عمر ابن عبدالبرؒ (متوفی ۴۶۳ھ) تصحیح کرتے ہیں کہ جب کوئی آدمی کسی میت کو سلام کہتا ہے تو وہ اسے جواب دیتی اور (آواز سے) پہچانتی ہے اگر دنیا میں ان کا تعارف تھا۔

جناب نیلوی صاحب کا علمی و اخلاقی فرض تھا کہ وہ جس پہلو کو حق اور صحیح سمجھتے تھے، اُسے دلائل سے اُجاگر کرتے لیکن جمہور امت کو ملحد اور مبتدع تو نہ قرار دیتے اور نہ احادیث صحیحہ متواترہ کا انکار کرتے جب کہ عمومی طور پر احادیث صحیحہ کے انکار کی جرأت غلام احمد پرویز اور دیگر منکرین حدیث کو بھی نہیں ہوئی وہ بھی بزعم خویش اُن احادیث کو اپنے انکار و تاویل کا نشانہ بناتے ہیں جو اُن کے نزدیک عقل اور تاریخ و مشاہدہ کے خلاف ہیں باقی احادیث کو وہ بھی تاریخی سرمایہ اور ظنی درجہ میں تسلیم کرتے ہیں جب کہ جناب نیلوی صاحب کا بے باک قلم اپنے غلط کار مشیر کے حکم کی تعمیل میں علم، تحقیق، دیانت اور خدا خوفی کی تمام حدود پھاند گیا کہ

کون کرتا ہے بتوں کے آگے سجدہ زاہدا سر کو دے دے مار کر توڑیں گے بتخانے کو ہم

انصاف کا تقاضا تھا کہ صحیح اور متواتر احادیث کے خلاف احتیاط سے کام لیتے اور ان احادیث کے مطابق عمل کرنے والوں کو جو اُمت کی اکثریت ہے ملحد اور مبتدع کہنے سے گریز کرتے۔ کیونکہ تواتر کا انکار کفر تک نوبت پہنچا دیتا ہے۔ مستفیض اور متواتر کے بارے حضرت قطب الدین احمد بن عبدالرحیم المعروف بشاہ ولی اللہ محدث دہلوی (المتوفی ۱۱۷۶ھ) فرماتے ہیں کہ۔

اما المستفیض بالفظ فاعنی بہ لحدیث یرویہ عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثلثۃ من الصحابۃ او اکثر وحالھم فی الصدق والتقوی ما قد علم وقد شھد لھم رسول اللہ صلی	لفظی مشہور حدیث سے میری مراد وہ حدیث ہے جس کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تین یا زیادہ صحابہ کرام روایت کریں اور ان کی سچائی اور تقوے کا حال تو معلوم ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بارے یہ شہادت دی ہے کہ وہ بہترین جماعت ہیں

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھم خیر القرن (القرون) وحث الناس علی تعظیمھم ونھاھم عن سبھم فکانت الاحادیث المستفیضۃ من ھذا الوجہ متواترا او ملحقا بالتواتر وھی کثیرۃ موجودۃ فی کل باب من ابواب الفقہ والسیرۃ اتفقت صیغ الاداء فیھا او اختلفت	اور لوگوں کو ان کی تعظیم پر آمادہ کیا ہے اور ان کو برا کہنے سے منع کیا ہے تو اس لحاظ سے مستفیض حدیثیں متواتر یا تواتر سے ملحق ہوں گی اور یہ فقہ اور سیرت کے ہر باب میں بکثرت موجود ہیں ادا کے الفاظ متفق ہوں یا مختلف۔

(تفہیمات الٰہیہ ص ۳۱۰ ج ۲)

اور سماع موتیٰ عند القبور کی حدیثیں بھی اسی مد میں ہیں اکابر علماء کا یہ طریقہ تھا اور ہے کہ وہ ان احادیث کو تسلیم کرتے ہوئے حسب فہم اس کی مناسب تاویل کرتے ہیں لیکن فریق ثانی کو ملحد و زندیق اور مبتدع کسی نے نہیں کہا تکفیر سازی کا یہ عہدہ جناب نیلوی صاحب اور ان کے سید سند کو ہی حاصل ہے ؎

قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

اور علامہ طاہر بن صالح بن احمد الجزائری تحریر فرماتے ہیں کہ

والمتواتر یکفر جاحدہ (ترجمہ النظر فی اصول الاثر ص ۲۶) متواتر کا منکر کافر ہو جاتا ہے۔ تواتر کی قسمیں اور اس کا حکم رئیس المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نے فیصل المقدر بہاولپور ص ۲۳ میں اور شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی نے مقدمہ فتح الملہم ص ۲۰ و ۲۱ میں تفصیل سے بیان کیا ہے جناب نیلوی صاحب کو بہت ہی

زیادہ مناسب اور سمجھ داری تھی کہ وہ اس میدان میں اتنی تباہی سے قدم رکھے۔ تمام سماع سوئی کو ملحد اور مبتدع نہ قرار دیتے کیونکہ اُن کے پاس متواتر سماعت ہے اور امت مسلمہ کی اکثریت ان کے ساتھ ہے اور مشہور ہے کہ ؎

زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

وہابیوں کا یہ ہے کہ تقویۃ الصدور میں جن مسائل کو تحقیق نہیں کیا گیا ہے وہ یہ ہیں کہ حضرت انبیا کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات قبروں میں کے حسام عنصریہ سے متعلق ہیں سے درود علی القبور صلوٰۃ و سلام وغیرہ ہیں سنے سے اور استشفاع عند قبور الانبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بھی شرک کہتے ہیں اور زیارت الفاظ میں سماع موتیٰ کی بھی کی ہے اور جن امور میں حیات الانبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام اور عند القبور صلوٰۃ و سلام کے سماع اور استشفاع عند القبور اور سماع موتیٰ کے سلسلہ میں کتابیں ایسا مسائل لکھے ہیں ان کو نہیں لے کر کرتے ہیں اور ان کے قول کو غیر معتبر قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ یہ سنے اور کہنے کی بات اکثر بیہقی، سیوطی، زرقانی، باجی، محدث ہندی طبرانی، قاضی عیاض وغیرہ کی ہیں جن میں سے کوئی بھی مسلک کا نہیں ان کو ملا علی قاری، ابن عابدین وغیرہ وغیرہ ان کثر

[illegible] ہیں لکھتے ہیں کہ [illegible] ہیں لکھتے ہیں کہ [illegible] ہیں کہ [illegible] ہیں لکھتے ہیں کہ [illegible] ہیں لکھتے ہیں کہ [illegible] ہیں لکھتے

ہو یکا تعلق توجہ ہیں کیوں ہوں جن کو مطلب ہیں بتا وہ سنتے ہی نہیں

حیرت و افسوس

اہل علم جانتے ہیں کہ بعض مسائل میں اختلاف بھی ہوتا ہے مگر اختلافی مسائل میں کوئی روش سے فریق کو متہم، مبتدع، ملحد، ضال، گمراہ اور جہنمی کہنا یہ کسی حنفی صاحب کا کام نہیں ہو سکتا ہے وہ عام موت کے سماع اور عدم سماع کے اختلافی مسئلہ سے آگے نکل کر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں سماع کے اثبات کی وجہ سے مخالف مسلک کو رد، مستمع عند القبر کے معنی اور مسئلہ مسلمہ کو تسلیم کرنے والوں کو بھی مشرک، مبتدع، ملحد، ضال، گمراہ اور جہنمی کہنے سے بھی نہیں چوکتے مسلمانوں کے حق میں علاوہ مزید ملاحظہ فرمائیں وہ لکھتے ہیں کہ

"امور جو مشہور ہیں یہ تحریروں سے گھڑے ہوئے ہیں مجبوریا وجہ ہے کہ صحاح کے مصنفین جو کامل محدث تھے ان چیزوں کو نہیں پیش کرتے جس کو نجدی وہابی اور سیوطی پیش کرتے ہیں حالانکہ ان کی تصنیفات حدیث میں کم نظر ہی میں ہے کہ اصول حدیث کی کتب سے مطالعہ کرنے پر بھی نہیں ہے (ص ۳۲)

جناب میلوی صاحب! کیا آپ نے بخاری (ص ۸۴۱ ج ۲) و مسلم (ص ۳۹۶ ج ۲) کی صحیح حدیث "ما من میت یسمع قرع نعالھم" نہیں سنی جس پر حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے اس سے ثابت کیا تھا کہ مردے قبر میں سنتے ہیں اور کیا آپ نے صحیحین کی یہ روایت "ما انتم باسمع لما اقول منھم" (بخاری ص ۵۱۶ ج ۱ و مسلم ص ۳۸۷ ج ۲) نہیں سنی ہے اور کیا آپ نے بخاری (ص ۴۷۹ ج ۱) کی یہ صحیح حدیث "ما من احد یمر بقبر اخیہ کان یعرفہ فی الدنیا فیسلم علیہ الا عرفہ ورد علیہ السلام" قبول کرلی ہے؟ اور کیا آپ نے اس حدیث کی یہ صحیح حدیث "ما من رجل یزور قبر اخیہ ویجلس عندہ الا استانس بہ وقضی حاجتہ" قبول کرلی ہے؟ اور کیا آپ نے اس حدیث کی یہ صحیح حدیث "ما من رجل یمر بقبر اخیہ کان یعرفہ فی الدنیا فیسلم علیہ الا عرفہ ورد علیہ السلام" قبول کرلی ہے؟

[illegible] فی اللہ حی میت کا قرار کیا ہے؟ جب آپ نے مسلمان مردے کے کانوں کی حدیثیں بھی تسلیم نہیں کیں تو پھر سنی حضرات اور علماء دیوبند کی کرسی کا دعوا کیوں کر سے بیٹھے ہیں؟ صاف کہہ دیں کہ ہم نے گجراتی مش کے خلاف کوئی حدیث مانے کے لیے تیار نہیں اور آپ سے پہلی جملہ کتابوں میں تو رد و ملا اس کا ثبوت بھی دیا ہے کہ معاذ اللہ تعالیٰ تمام صحیح حدیثوں میں کیڑے ڈالے ہیں اور جمہور شارح حدیث کے صریح اقوال کے خلاف ہے اور اوصوبے اقوال پر مورچہ بندی کی ہے ؎

ستم کا آسان بھی کسی کے دل کو لگے گا کیسے کہ تیر غمزہ تو کاٹ لی تحریر ہوئی چلا گیا

ورنہ اس سے کہ جناب میلوی صاحب کا اصل مقصد تو حضرت فخر کرم اور کارنامہ دیوبند کو ثابت کرنا ہے اور تردید ہے مدعیہ کا تو صرف نام استعمال کرتے ہیں چنانچہ وہ مسئلہ استماع کے بارے میں لکھتے ہیں "بس ہم اس آسانی سے کہہ سکتے ہیں کہ حنفی علماء میں یہ مسئلہ قریب قریب صورت سے انکار استماع کا جو معتبر کتب میں لکھا ہے وہ سب باغیوں کا لکھا ہوا ہے اور بس" (مقام ابراہیم حق ص ۲۱ طبع اول)

قارئین کرام! یہ ہے جناب میلوی صاحب کے نزدیک معتبر کتابوں کا حشر ہم نے یہاں صرف استماع عند القبر کے متعدد کتب فقہ و مناسک سے نمونے عرض کیے ہیں [illegible] کتاب الآثار کلنوی، لباب المناسک، مسلک متقسط، منیہ، خلاصۃ الفتاوی، فتاوی عالمگیری، رسائل علماء حنفیہ، فتاوی [illegible] رشیدیہ اور تحریرات حدیث وغیرہ لیکن لگتا ہے جناب میلوی صاحب ان کتابوں کو بھی نہیں مانتے ہوں گے ورنہ ان کا حوالہ دیتے ہوئے ان میں تحریف کرنے میں [illegible] کیسی ہچکچاہٹ کرتے اور لکھ دیتے کہ جناب میلوی

بھی ہیں، جو جناب سیوطی صاحب نے بڑی سے بڑی کتاب میں لکھتے ہیں کہ

میرا خیال یہ ہے کہ ایسی ایسی باتیں کار کی کتابوں میں درج کرنے کا خیر مرتب والوں نے منظور نہ رکھا تھا کہ سہو و غلطی کی کتابوں کو بیکار کر دیں۔

(الکتاب منظور، ج ۲ ہمارا ستدعا)

یہ ہے بیشتر محقق سیوطی صاحب کی تحقیق، جس کو آپ نے اکثر میں نقل کرنے کے قابل سمجھا ہے۔ اس تحقیق و تدقیق کے بعد بھی آپ کی رائے یہ ہے کہ اس کتاب کی نسبت ہی رائے قائم کی جائے جو اس پر اعتبار کرنے والے مصنف معتبر بستہ ہیں بلکہ ان کتابوں کا کیا ہوا جو اس کتاب کے ذخیرہ کا کیا حال ہوا۔ ع قیاس کن زگلستان من بہار مرا

المہند علی المفند | ل ظ خوبی جانتا ہے کہ المہند کے مرتب حضرت مولانا اصل مدعا سہارنپوری رحمتی ۱۳۲۳ھ صاحب مذکور حضرت کی خدمت میں اور دیگر مسائل کے علاوہ حیات الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مسئلہ بھی پیش کیا تھا۔ حضرت نے جو تقریر فرمائی تھی اس کا خلاصہ اور اس کی تائید میں چند مختصر سے رسالے میں کوئی بھی کتاب نہیں ملتی۔ اکابرین حضرت شیخ الہند حضرت مولانا محمد علی مونگیری حضرت مولانا خلیل احمد صاحب انبیٹھوی وغیرہ قدس اللہ اسرارہم سے بھی کتابت کی تحقیق کی گئی۔ سب نے یہی فرمایا کہ المہند پر بھی حکیم مذکور کی تحریف کا حرف آسکتا ہے۔

المہند سے استدلال کے ساتھ کرنا فضول سی بات ہے کیونکہ کسی معتمد علیہ کی تسلیم شدہ کتاب کو نقل کرنے یا تقریر کرتے وقت اس میں کوئی کلمہ یا ایک ایک حرف کرکے کوئی نہیں دیکھتا۔ خصوصاً وہ مستیاں جن کے سر پر بیسیوں ذمہ داریاں ہوں۔ اتفاقاً کبھی خود المہند میں ایسی غلطیاں ہیں جن کی جانب علماء کی توجہ کرانے کی

ہے صراحۃً ہیں کی کتابت کی غلطیاں ہیں غلط (الکتاب ا، ج ۱، ص ۲۴)

قارئین کرام غور فرمائیں کہ المہند کے صرف چند صفحات میں کوئی لمبی چوڑی کتاب نہیں اور یہ نہایت دور دراز کی طرف سے علماء عرب کو حرمین میں بھیجی گئی کیا چند صفحات کے لیے بھی گئے، ستاروں کی خدمت میں محمد کفایت اللہ صاحب اور دیگر حضرات کے پاس وقت نہ تھا اور روزوں میں گو، سوتے سوتے اس پر دستخط عرض دیئے، اور وہ حضرت کی عرف و عادت سے خبر نہ تھے۔ ع بے خبر زمد دار ہے بہت کا کیا مطلب؟ مقدور تو رجاء سے پوچھو کرے یہ قرعے دو گنج اسے گدا یہ کیا کہے

اخیر میں اصل مطلب تو رہ گیا یعنی صاحب کا صرف حضرت مولانا کرم اللہ اکبر آبادی دام ظلہ کی تردید سے رجوع کا دعویٰ، اس پر بھی ہم ذرا آگے مستقل کرتے ہیں۔

حضرت بنوری صاحب ہی لکھتے ہیں کہ

حضرت کی تین تحریروں کی تردید کی گئی ہے مگر ان میں سے کسی تحریر کو علامہ سیوطی اور دیگر اکابر نے اپنی تصانیف میں نقل نہیں کیا، اور نہ ان کی عام شہرت تھی نہ رسائل محمد [illegible] ان کی کتابیں دیکھ کر تبدیل کرتے ہیں، مولانا عثمانی کا بھی یہی حال ہے [illegible] ان کی تحریروں کا یہ حال ہے تو حضرت سیوطی صاحب کس شمار میں ہیں؟ [illegible] قسمت میں نہیں ہے

[illegible] صاحب لکھتے ہیں [illegible] اصل تقریر کرتے

[illegible] ۵۶ [illegible] ۵۶ [illegible] ۵۶ [

بتا سکتی نام نہاد دیوبندیوں سے پوچھو لخ (ایضاً ص۵۷)

قارئین کرام! انصاف سے فرمائیں کہ کیا یہ بریلویوں کی تردید ہو رہی ہے یا دیوبندیوں کی؟ اور حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب اور شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی تھے یا بریلوی؟ ہم تو یہی سمجھتے ہیں کہ ؎

وہ عرصۂ قیامت دیبی کے تصور ۔۔۔ اہل نظر کے واسطے میں دُرّ ثمر

وضاحت: اس لیے کہ جناب نیلوی صاحب نے تمہید الصدور ص۱۹۱ طبع اول میں عبد القبر کو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عدم سماع کے ضمن میں مسئلہ علم غیب اور حاضر ناظر میں کیا ہے اور ص۹۲ کے حاشیہ میں ضمنی طور پر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم غیب اور حاضر و ناظر سے متصف ہونے کو دوسرے مسلمانوں کی طرح ان کی کتاب میں بھی تو بریلویت سے جو صرف آمی ہے باقی تمام کتب حضرات فقہاء کرام اور اکابر علماء دیوبند کے ماننے کے لیے تردید کے لیے وقف ہے تمہید میں عرض کر چکا ہوں کہ کتاب شمار الصدور تو تردید بریلویت کے لیے وقف تھی مگر امت میں صدور سے ہی آرہی ہے اور گی اور بیش ایک ہونے کی وجہ سے ناظرین رہ جایئے تھا مگر یہ ہیں ۔ صدور تو یہی کے گا کہ ۔

اگر حق ہو تو جھکتا ہے سر اولی سے شاہ پر ۔۔۔ خطا طل ہو تو نجر کے بھی آگے خم نہیں ہوتا

جناب نیلوی صاحب ہی لکھتے ہیں کہ ایک میرے پرانے دوست محقق و مصنف مدرس اور مسلم ہیں (مراد ۔۔۔ اس سے ناظم ہے صفحہ ۱۰ سطر ۱۰ سے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے مُردوں کے سننے پر کوئی دلیل نظر نہیں آئی لہٰذا تمہید الصدور ص۱۹۱ طبع اول میں ہم کو سچ سچ تک عدم سماع کی کوئی قطعی صریح و صحیح دلیل نہیں ملی اور اہل علم کیا موقف ہو

کیا مخالف بھی سمجھ جاتے ہیں کہ ناظم اتیم فاضل دیوبند ہے بریلوی نہیں اور بحمد اللہ تعالیٰ اس دور میں جس طرح بریلویوں کے باطل عقائد و بدعات کی معقول تردید ناظم اتیم نے کی ہے وہ عیاں راچہ بیاں کا مصداق ہے ۔

مخالف جناب نیلوی صاحب کے کہ انہوں نے اپنی کتابوں میں تعصب و بصیرت کو جواب دیا اور تعصب و عناد کے تیر و تفنگ پر سوار ہو کر سب توڑ اور رسے رسالہ حواسے توڑ کر پھینکا نفس علم سے نتائج حد کے ہیں حوالہ الامر بیا س کا مصداق ہیں کہ کیں کی بات کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا

انتہائی تعصب

جناب نیلوی صاحب جمہور امت اور حضرت فقہاء کرام کو بھی ضلالت سے عاری تصور کرتے ہوئے لکھ رہے ہیں اگر سکتے ہیں ۔

سو اگر تو کہے کہ ہم اس مسئلہ کی کچھ بھی اصل نہیں جانتے لیکن ہم بڑے بڑے حضرات فقہاء کرام کے قول پر اعتماد کرتے ہیں اس لیے کہ وہ جھوٹ نہیں بولتے اور وہ صرف وہی بات کہتے ہیں جس کو انہوں نے دلیل سے حاصل کیا ہوتا ہے میں (نیلوی) کہتا ہوں کہ اگرچہ وہ جھوٹ نہیں بولتے لیکن خطا اور صدور نسیان ان سے ممکن ہے (شمار الصدور ص۱۹۱ طبع اول) ان کا سلف یہ ہو کر بڑے بڑے حضرت فقہاء کرام تو خطا و نسیان کا شکار ہو سکتے ہیں اگر معصوم ہیں تو صرف جناب نیلوی صاحب ہی ہیں جو علمی اور تحقیقی میدان میں خالص اپنی رائے ہی ناقص باطل لئے پھرے عدم سماع کرنے والے دعوی و دلیل کی مطابقت سمجھنے سے عاجز رہے اور عبارت کا صحیح مطلب سمجھنے سے بالکل ہی دست ہیں مشہور ہے کہ سارے کے مارے گھر ہی سر عزا ۔۔۔ یہی حال جناب نیلوی صاحب کا ہے کہ میں ہی سرور سے کے خلاف سچ لکھنے والے بھی بریلوی خطا کار اور اصحاب

نمایاں نظر آتے ہیں

تذکرہ نگار یہ عنوان قائم کر کے جناب نیلوی صاحب لکھتے ہیں

آخر عمر تک یہ محبت بھی اور وجود آقائے حضیت پر کہ سماع موتی کے قائل میں اس لیے انہوں نے بھی ایک شاخسانہ نکالا ہے کہ حضرت ابو السعید و رشید کی حنفیہ بھی سماع کے قائل ہیں یہ ان کی سریع جہالت ہے یا سہو نظر کی وہ کتب حنفیہ میں کی تصریحات سے چشم پوشی کی (شفاء الصدور صفحہ ۵ طبع اول)

ذرا دیکھیں حضرت مولانا کہنا کیا چاہتے ہیں کہ اصل مقصد تو فقط کہ ہمارے اکابر علماء دیوبند کی تردید ہے ہیں آپ بھی ان کے ساتھ شامل ہیں ۔ ضمناً ابن تیمیہ کی تردید بھی ہو جاتی ہے کہ سماع موتی صفحہ ۸۲ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ۲۵ سے زائد سماع موتی کے بارے حضرت ابو السعید نے سماع حنفیہ کا متفق مذہب عرض کر دیا وہاں ہی ملاحظہ فرمالیں کہ ان کا مسلک کیا ہے ۔

لطیفہ ۔ نیلوی صاحب لکھتے ہیں کہ ہمارے اکابر علماء دیوبند کے دعویٰ بھی ہے کہ ان کا مذہب حنفیہ کے مطابق ہے حضرت ابو السعید صاحب نیلوی صاحب کے دعویٰ کی تائید میں پیش کرتے ہیں تاکہ وہ سکتے ہیں ۔

اسی طرح نیلوی صاحب کے مولانا محمد [illegible] اپنے مطبوعات حصہ سوم میں لکھا جو سوال ہا [illegible] ابو حنیفہ کا مذہب سماع موتی سے ثابت ہے یا نہیں ؟ ثابت ہے تو جو فقہاء حنفیہ میں سے وہ مردوں کے سننے کا انکار کرتے ہیں ۔ مگر کون ہیں اجسم [illegible] مردوں میں ورنہ بے شک حنفیہ میں ثابت ہے مطبوعات حصہ سوم ۱۲ [illegible] صفحہ

صاحب کتاب تحقیق مذہب ص ۹۳ جو احادیث یا عبارت کتب حنفی میں کی ہیں وہ جملہ پر محمول ہیں [illegible] صفحہ ۱۲)

[illegible] کہ سماع موتی کے بارے خود عقیدہ نیلوی صاحب کا ہے کہ سماع میں جسم عنصری مالک تعلق نہیں وہی موری حضرت نیلوی صاحب کا ہے اب انصاف سے فرمائیں کہ دیوبندیوں کی تردید سے ان کی تائید ہے یا نیلوی صاحب کے خود اپنوں سے گریبان سے کہ وہ نہیں اسی مسئلہ پر سخت کرنے تحقیق کریں اور بتائیں ۔

یہ ہے جناب کی [illegible] کہ [illegible] کو کھلا بہتان کے دام میں

حیرت [illegible] ص [illegible] میں سنیں گے کہ جناب نیلوی صاحب نے تمام سماع موتی کو جو ملہ و متفق قرار دیئے تو صرف وہ بھی تعلق دلائل سے جس پر سے [illegible] عبارت کا ارتکاب کیسے ہو گئے ہے اس کا [illegible] جو سے [illegible] کرتے ہیں [illegible] سماع موتی کو [illegible] میں [illegible] ان کے [illegible] کرتے ہیں جن سے [illegible] کے مشہور سید [illegible] سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری گجراتی سے بھی اور خود جناب نیلوی صاحب [illegible] سماع موتی کا [illegible] کیا ہے [illegible] ان کے

[illegible]

قرآن کریم کی وہ آیات کریمات جن میں مردوں [illegible] کے عدم سماع اور عدم [illegible] کا ذکر ہے [illegible] وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۝ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ [illegible] (پ ۲۲ [illegible] رکوع ۱۰ اور اس کو تم پکارتے ہو اس کے سوائے وہ مالک

نہیں کھجور کی گٹھلی کے یک چھلکے کے۔ اگر تم اُن کو پکارو نہیں سنیں تمہاری پکار اور سنیں
پہنچیں نہیں تمہارے کام پر ترجمہ شیخ الہندؒ اور مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ
پ ۲۶۔ الاحقاف۔ رکوع ۱۔ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون جو پوجے اللہ کے سوا
ایسے کو کہ نہ پہنچے اُس کی پکار کو دن قیامت تک اور وہ اُن کو خبر نہیں ان کے پکارنے کی۔
ترجمہ از شیخ الہندؒ وغیرہما من الآیات۔ علم سے کوئی بہرہ رکھنے والا جانب طلبی کو
سمجھ سکتا ہے کہ اس مضمون کی آیات سے عدم سماع موتیٰ پر استدلال کس قدر غلط ہے
عدم سماع موتیٰ پر ان سے استدلال بالکل ایسا ہی ہے جیسا کوئی کہے کہ آیت
وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ سے معلوم ہوا کہ بتوں میں سننے کی قوت نہیں
بتوں کو بھی سماع موتیٰ ان آیات کریمہ سے ثابت ہے کہ ان کے پاس سے سماع موتیٰ کی نفی
ہے تو ہوئے کہ اس کے قریب رہنے والوں کے سماع کی بھی نفی ہے
بھی تو مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ میں داخل ہیں پھر ان کی نفی سے کیونکر
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کے مصداق مُردے ہیں اسی طرح زندے بھی ہیں کہ قریب
عند القبور موتیٰ کا سماع بھی ممکن بلکہ وقوع ہے بہت سی جگہ پر ہوا ہے

شعر

ڈبتا ہوں آسمان سے بجلی اگر پڑے — تیرا کہاں سے نام و نشاں سے

یہ ہے جس قسم کی آیات عدم سماع موتیٰ سے قطعاً غیر متعلق ہیں

یہ سلسلہ ثابت نہیں ہوتا۔

(۲) وہ آیات کریمہ جن میں مثلاً اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى الآیۃ (پ ۲۰ النمل رکوع ۶
پ ۲۱ الروم۔ رکوع ۵) دلالت تو ہیں مساعدت مُردوں کو (ترجمہ شیخ الہندؒ) اور مستلزماً
اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ (پ ۲۲ الفاطر ۲
اللہ سناتا ہے جس کو چاہے اور تو نہیں سنانے والا قبر میں پڑے ہوؤں کو ترجمہ شیخ الہندؒ
وغیرہما۔ ان آیات میں اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بھی ان سے عدم
سماع موتیٰ ہی سمجھا ہے لیکن جمہور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضرت عائشہؓ
کی اس بات سے اتفاق نہیں کیا کہ ان آیات سے عدم سماع موتیٰ ثابت ہے بلکہ وہ
سماع موتیٰ کے قائل ہیں یعنی ان کے نزدیک ان آیات سے سماع موتیٰ کی نفی نہیں ہوتی چنانچہ حافظ ابن حجرؒ فرماتے
ہیں وقد خطأ الجمهور فی ذلك وقبلوا حديث ابن عمرؓ لموافقته
ما دلت عليه الاحاديث الصحيحة کہ جمہور نے اس میں حضرت عائشہؓ کی مخالفت
کی ہے اور حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کو قبول کیا ہے کیونکہ دوسروں کی روایت بھی
اس کے موافق ہے۔

اور حضرت مولانا محمد علی مونگیری (المتوفی ۱۳۴۷ھ) لکھتے ہیں۔

وعارضه عائشة بعض تلك الاحاديث — (حضرت عائشہؓ کا سماع موتیٰ کی بعض احادیث
فاعتقدت انه على عمومه وخصه — کو رد کرنا جو جمہور صحابہ کرامؓ اور بعد کے
جمهور الصحابة وغيرهم وقالوا — حضرات نے ان کی اس بات کا اعتقاد نہیں کیا بلکہ
ان قوله تعالى وما انت بمسمع — اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ اے نبی تو نہیں سنا سکتا
من في القبور نفى عنه السماع — مُردوں کو تو اس سے سماع کی نفی ہے سماع

یہ دلیل قوی علی نفی سماع
لیتب وہ کہ وفہمہ وبالفہ
لامن الکتب وروی من سنۃ
بل سند صحیحۃ صریحۃ
دالۃ علی خلو نہا بالا

کی ہیں (پھر یہ) اور حلاوہ کہ مردے
کہ کوئی ایسی کتاب رسمت سے مرنے کے
سماع اور کسی خبر اس کے خلاف ثابت
کی ہی پر دلیل نہیں کہ صحیح اور صریح سند یا
ثبوت کی اس کے لیے ضرورت ہے

(عمدۃ الرعایۃ ص ۲۵۲ ج ۲)

حضرت مولانا عبدالحی حقانی (متوفی ۱۳۲۲ھ) فرماتے ہیں کہ

ان آیات میں کوئی عدم سماع موتی کا شائبہ بھی نہیں ہے جس سے ان سے استدلال کرنا بے فائدہ ہے (تفسیر حقانی ص ۴۱)

حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا محمد شفیع صاحب (متوفی ۱۳۹۶ھ) فرماتے ہیں کہ

ان تینوں آیتوں میں سے کسی قابل نظر ہے کہ ان میں کسی بھی یہ نہیں فرمایا گیا ہے کہ مُردے
سکتے بلکہ تینوں آیتوں میں نفی اس کی کی گئی ہے کہ آپ ان کو سنا سکتے ہیں اس سے یہ
وعوان کو مقید کرنے سے اس طرف واضح اشارہ نکلتا ہے کہ مُردوں کو سنانے کی
صلاحیت ہوتی ہے مگر ہم اپنے ارادہ سے ان کو نہیں سنا سکتے ۔ حضرت مفتی
ص ۵۹ ج ۱ ، راغب اصفہانی (جناب نیچری صاحب) کے حوالہ سے لکھتے ہیں ۔ ۱۲ راغب اصفہانی نے
نے جس کے بارے حضرت علامہ سید محمد مرتضیٰ رحمہ اللہ نے روح المعانی ج ۲۰ ص ۱۲۱
و اعتماد علی کلام الراغب فی مثل ذلک ۔ راغب عند المحققین
نزدیک ایسے موقع پر راغب کے کلام پر اعتماد کرنا بہت مرغوب نہیں ۔ ۱۲
ص ۱۲۱ ج ۲ ، اس مقام پر موتی سے مُردے اور سماع سے مراد نہیں ہے بلکہ

لکھتے ہیں چنانچہ وہ کرنے کے معنی بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

تیسرا معنی قوت عاقلہ کا زائل ہونا ہے اور یہ اس
سے ہے جیسا کہ کفار اور وہ شخص جو مردہ دل ہو (یعنی جاہل)
تحقیق ہم نے سنائے رہ وہ کہ ہدایت علم سے ہو اور
اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ
الموتیٰ میں بھی جہالت مراد لی ہے ۔

یعنی اس مقام پر موتیٰ سے مراد وہ جاہل ہیں جو حق بات کو نہیں سنتے اور نہ ہی اس پر عمل کرتے ہیں اور وہ مردہ ہونے کے برابر ہے قوت ان میں نہیں ہے

الحاصل ظاہر جن آیات کریمات سے منکرین سماع موتی کا استدلال ہے سکتا فائدہ حقیقت
وہ ہی ان کے دعوی سے بالکل علیحدہ ہیں اور ان میں عدم سماع کا شائبہ تک بھی موجود
نہیں ہے بلکہ گروہ فریق طرف سے کچھ ہے تو اثبات آیات کریمات سے مُردوں میں سننے
کی صلاحیت ثابت ہوتی ہے اور قرون حضرت معنی ان سے واضح اشارہ نکلتا ہے ۔

حضرت معنی حدیث سے کیا ہی غریب استدلال فرمایا ہے ؟ ۔۔۔

ب کرتا ہے اس کچھ سے میں حیرت آتا ہے کہ گویا جو صورت مُردے کی تصویر بنے سے
۲ تمرکز کیلئے عدم سماعیت کی دلیل بنائی ہے حالانکہ حدیث سماع موتی
کی میں کوئی حدیث مرفوع نہیں ہے اس کے برعکس سماع موتی کے ثبوت میں احادیث
مرفوعہ اور حضرت سلف کا اجماع اس پر مستزاد ہے چنانچہ حافظ ابن کثیر
(متوفی ۷۷۴ھ) فرماتے ہیں کہ

حضرت سلف کا اس پر اجماع ہے اور آثار کے

الا تزر عنهم ولا تبت یعرف من زیارة
الی قبرہ ویستانس بہ اھ (تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۴۲۸
وکتاب الروح ص ۱۰)

سلام سے معقول ہے کہ وہ وجہ قبر
کی زیارت کرتا ہے (اور) سے سلام کرتا ہے تو
وہ اس کی آواز سے پہچانتا ہے اور اس
کے سے خوش ہوتا ہے۔

